# URDU (FIRST LANGUAGE)

First Unit Test

Class X

**Full Marks : 40**

سوال(۱) کسی تین سوالوں کے جواب دیجئے۔ ہر سوال کا جواب کم از کم چار جملوں پر مشتمل ہو۔ **4 × 3 = 12**

(الف) ''راحت گاہ کے تمام اسباب رتی رتی قلعے میں اُٹھوا لاؤ اور راحت گاہ کے مکانوں میں قفل ڈالوا دو''۔
یہ جملہ کس مضمون سے اخذ کیا گیا ہے؟ مضمون نگار کون ہیں؟ متکلم اور مخاطب کے نام بتائیے۔

(ب) ''وہ عربی فارسی جماعتوں کا طالب علم تھا تاہم اس کو مشق کے لیے ریاضی کی انگریزی کتابوں سے مدد لینے کی ہمیشہ ضرورت واقع ہوا کرتی تھی''۔
مذکورہ جملے کس مضمون سے اخذ کئے گئے ہیں؟ مضمون نگار کون ہیں؟ فارسی جماعتوں کا طالب علم کون تھا ان کے بارے میں مختصراً لکھئے۔

(ج) ''آندھی کے پرزور حملے انہیں تناور درختوں کو نقصان پہنچاتے ہیں جو اپنی جگہ سے ٹلنا نہیں چاہتے''۔
مذکورہ جملے کی تشریح مع سیاق وسباق کیجئے۔

(د) تم کو اس پرند جانور کی مانند بے بس کر رکھا ہے جس کے پر کٹے ہوں اور آنکھیں سی ہوئی ہوں۔
نہ تم میں طاقت پرواز ہے نہ نگاہ دور بین۔
مذکورہ جملے کس مضمون سے اخذ کئے گئے ہیں! مضمون نگار کون ہیں؟ کسے پرند جانور کی مانند بے بس کر رکھا ہے اور کیوں؟

(س) جس سے اس کا حسن دوبالا ہو گیا اور وہ زیادہ وسیع اور کارآمد بن گئی۔
یہ جملہ کس مضمون سے ماخوذ ہے! مضمون نگار کون ہیں؟ کس کا حسن دوبالا ہو گیا اور کیسے!

سوال (۲)　درج ذیل سوالوں میں سے کسی تین سوالوں کے جواب دیجئے۔ ہر سوال کا جواب کم از کم چار جملوں پر مشتمل ہو۔ **4 × 3 = 12**

(الف)　ترے بندے ہم ہیں، خدا جانتا ہے
خدا جانے تو ہم کو کیا جانتا ہے

اس شعر کے خالق کا نام بتایئے اور شعر کا مرکزی خیال تحریر کیجئے۔

(ب)　دل گیا، ہوش گیا، صبر گیا ، جی بھی گیا
شغل میں غم کے ترے ہم سے گیا کیا کیا کچھ

مذکورہ شعر کے غزل گو کا نام لکھئے۔ شغل کے معنی بتایئے اور شعر کا مرکزی خیال لکھئے۔

(ج)　پیا باج پیالہ پیا جائے نا
پیا باج یک تل جیا جائے نا

درج بالا شعر کا نام بتایئے اور شعر کا مرکزی خیال کیجئے۔

(د)　ستارہ صبح کا روتا تھا اور یہ کہتا تھا
ملی نگاہ، مگر فرصت نظر نہ ملی

درج بالا شعر کہاں سے لیا گیا ہے! شعر کا تعلق کس صنف سے ہے؟ اس شعر کی تشریح کیجئے۔

(ہ)　جائے عبرت سرائے فانی ہے
موردِ مرگ نوجوانی ہے

اونچے اونچے مکاں تھے جن کے
آج وہ تنگ گور میں ہیں پڑے

مذکورہ بند کا تعلق کس صنف ادب سے ہے؟ اس کے خالق کا نام بتایئے اور بند کے مرکزی خیال سے اپنی واقفیت کا اظہار

سوال(۳)　درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک کا جواب لکھئے۔ جواب کم از کم تین جملوں پر مشتمل ہو۔　3

(الف) ننھا حمید سر جھکائے ساتھ تھا، آواز بھرآئی ہوئی۔ آنکھیں ڈبڈبائی ہوئی اور چہرے اور پھٹے کپڑوں سے بلا کی حسرت برستی تھی۔
مذکورہ جملے کہاں سے اخذ کئے گئے ہیں؟ مضمون نگار کون ہیں؟ حمید کیوں سر جھکائے ہوئے تھا!

(ب) ایں رحیمن۔ یہ تم کہاں اتنے سویرے جارہی ہو؟
یہ جملہ کس مضمون سے لیا گیا ہے؟ مضمون نگار کون ہیں؟ متکلم کا بتائیے۔

(ج) پھر ایک دن اتفاق سے میں کالج سے جلدی آگئی تو کیا دیکھتی ہوں کہ امیر خاں اس کو اپنا صاف پاجامہ اور قمیض پہنائے۔
نصیحت کرتے ہوئے بازار کی طرف لے جارہے ہیں۔
مذکورہ جملے کہاں سے لئے گئے ہیں! مضمون نگار کون ہیں؟ امیر خاں اس کو اپنا صاف پاجامہ اور قمیض پہنائے۔
نصیحت کرتے ہوئے بازار کی طرف کیوں لے جارہے ہیں۔

سوال(۴)　(د) درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک کا جواب دیجئے۔ جواب کم از کم تین جملوں پر مشتمل ہو۔　3

(الف) جنہوں کا نام ہے عاشق، انہوں کا کام ہے فاسق
ہزاروں میں کوئی صادق، عجب یہ دور آیا ہے

یہ شعر کہاں سے لیا گیا ہے؟ شاعر کا نام بتائیے۔ لفظ فاسق کے معنی کیا ہیں؟

(ب) وہ علم جس سے کہ اوروں کو فائدہ نہ ہوا
ہمارے آگے برابر ہے وہ ہوا نہ ہوا
یہ شعر کہاں سے لیا گیا ہے؟ شاعر کا نام بتائیے۔ شعر کا مرکزی خیال لکھئے۔

(ج) مجھے غرض نہیں کالج میں تم پڑھے کہ نہیں
جماعتوں کے مدارج پہ تم چڑھے کہ نہیں

مذکورہ شعر کی تشریح کیجئے۔

سوال(۵) درج ذیل سوالوں میں سے کسی دو کے جواب ہدایت کے مطابق دیجیے۔ $5 \times 2 = 10$

(الف) درج ذیل الفاظ کی عربی جمع بتایئے۔

امام۔دولت ۔ذہن۔شخص۔قوم

(ب) درج ذیل الفاظ کو جملوں میں اس طرح استعمال کیجیے کہ ان کی جنس واضح ہو جائے۔

اسم۔فتح۔گناہ۔دعا۔یتیم

(ج) درج ذیل محاوروں کو جملوں میں استعمال کیجیے۔

جان پر کھیلنا۔آٹھ آٹھ آنسو رونا۔آگ بگولہ ہونا۔آنکھ کا کاجل چرانا۔اپنا الو سیدھا کرنا۔

Second Unit Test

Class X

**Full Marks : 50**

سوال(۱) درج ذیل سوالوں میں سے کسی تین سوالوں کے جواب دیجئے؟ ہر سوال کا جواب کم از کم پانچ جملوں پر مشتمل ہو۔ **5 × 3 = 15**

(الف) ''ہم وہیں ہیں جس پر آپ نے خفیہ فروشی کا الزام لگایا تھا۔ اور جس کے دروازے سے آپ پچیس روپے لے کر چلے تھے''
یہ جملہ کس مضمون سے اخذ کردہ ہے؟ مضمون نگار کون ہیں؟ کس نے کس کو خفیہ فروشی کا الزام لگا تھا؟

(ب) اجودھیا میں پہونچ کر یہ لوگ قیام گاہ کی تلاش کرنے لگے۔ پنڈوں کے یہاں مطلب جگہ نہ تھی جگر ناتی۔ ساری بستی میں ...
کہیں جگہ نہ لی۔ آخر یہی صلاح یہ ٹھہری کہ کسی درخت کے نیچے ڈیرا جمانا چاہیے''۔
مذکورہ اقتباس کس مضمون سے لیا گیا ہے؟ مضمون نگار کا نام بتایئے؟ کون لوگ قیام گاہ کی تلاش میں بھٹک رہے تھے اور کیوں

(ج) ''ہری پور تو یہاں سے پکا چھ میل ہے آؤ گاڑی میں بیٹھ جاؤ''
مذکورہ جملہ کس مضمون سے اخذ کردہ ہے؟ مضمون نگار کون ہیں۔ متکلم اور مخاطب کون کون ہیں؟

(د) ''نہیں بابو یہاں کسان تو انہیں دیوتا کی طرح پوجتے ہیں۔
یہ جملہ کس مضمون سے اخذ کیا گیا ہے؟ مضمون نگار کا نام احاطہ تحریر میں لایئے؟ کسے دیوتا کی طرح پوجا جاتا ہے اور کیوں؟

(ہ) میرے منھ میں ایک سفید سفوف سا پھینک کر کہا ''لو، اب دو گھونٹ گرم پانی کے پئو، کل بڑے اسپتال چلے جانا اور ٹیکہ ...
اس جملے کا متکلم کون ہیں؟ اور مخاطب کون؟ اسپتال جانے اور ٹیکا لگوانے کی ہدایت کیوں دی جارہی ہے!

سوال(۲) درج ذیل سوالوں میں سے کسی تین جواب قلمبند کیجئے۔ ہر سوال کا جواب کم از کم پانچ جملوں پر مشتمل ہو۔ **5 × 3 = 15**

(الف) پکڑے جاتے ہیں فرشتوں کے لکھے پر ناحق
آدمی کوئی ہمارا دمِ تحریر بھی تھا

اس شعر کا خالق کون ہیں؟ شعر کا مرکزی خیال لکھئے؟

(ب) رنج سے خوگر ہوا انساں تو مٹ جاتا ہے رنج
مشکلیں مجھ پہ پڑی اتنی کہ آساں ہو گئیں

اس شعر کے خالق کون ہیں۔اور شعر کا تعلق کس صنف اب سے ہے خوگر کے معنی بتایئے؟

(ج) تلاطم ہے امیدوں کا ، تصادم آرزوؤں کا
دل ہنگامہ پرور کون تیر رازداں ہوگا

مذکورہ شعر کی تشریح کیجئے؟

(د) مجھے اے نا خدا، آخر کس کو منھ دکھانا ہے
بہانہ کرکے تنہا پار اتر جانا نہیں آتا

مذکورہ شعر کس شاعر کا ہے؟ شاعر کا پورا نام لکھئے۔ناخدا سے کیا مراد ہے۔

(ہ) رعشہ بر اندام کرتی انجم شب تاب کو
آشیاں میں طائرِ وحشی کو چونکاتی ہوئی

یہ شعر کس نظم سے لیا گیا ہے نظم نگار کا نام بتایئے؟ طائرِ وحشی کو کون چونکا رہی ہے؟

# معاون اردو

سوال (۳) درج ذیل سوالوں میں کسی ایک سوال کا جواب دیجئے۔ جو کم از کم پانچ جملوں پر مشتمل ہو۔ 5 × 1 = 5

(الف) ''ذہن میں معنی کے اوراق، ایک ایک کر کے پلٹنے شروع کر دیئے''۔
یہ جملہ کس مضمون سے ہے؟ مضمون نگار کون ہیں۔
کس کے ذہن کے اوراق پلٹنے شروع ہوئے؟

(ب) ''میں نے اس خود اعتمادی کے ساتھ میں نے عالمانہ اور والہانہ دونوں انداز متوازی کو متوازن ہو کم لوگوں کو گفتگو کرتے ہوئے سنا ہے؟
یہ جملہ کس مضمون سے لیا گیا ہے؟ مضمون نگار کون ہیں؟ کس نے اسی گفتگو خود اعتمادی کے ساتھ عالمانہ اور والہانہ دونوں اند [illegible]
محسوس کیا؟

سوال (۴) درج ذیل سوالوں میں کسی ایک سوال کا جواب دیجئے۔ جو کم از کم پانچ جملوں پر مشتمل ہو۔ 5 × 1 = 5

(الف)
نا مظلوم کی آہ وزاری سے ڈرنا
نہ مغلوب کے حال پر رحم کرنا
ہوا و ہوس میں خوری سے گذرنا
تعیش میں جینا نمائش پہ مرنا

مذکورہ بند کا تعلق کس صنف ادب سے ہے؟ اس بند کے خالق بتایئے اور بند کا مرکزی خیال بھی لکھئے؟

(الف) بام و در کہتے ہیں آہم تیرا دامن بھر دیں
شرر شعلہ و سیماب کے تن من بھر دیں
بجلیوں سے ترے احساس کا ایلن بھر دیں
گل تازہ سے تری فکر کا گلشن بھر دیں

مذکورہ بند کس نظم سے ماخوذ ہے۔ نظم نگاری کا نام بتائیے۔ بام ودر کے معنی بتائیے۔ ایلن سے کیا مراد ہے۔

سوال (۵) آپ اپنے چھوٹے بھائی کو خط لکھیے؟ جس میں علم کی افادیت پر روشنی ڈالئے۔ 10

یا

اپنے پسندیدہ شاعر پر ایک مضمون قلمبند کیجئے۔

..............................

Selection Test

Class X

**Full Marks : 90**

کسی دوسوالوں کے جواب دیجئے؟ ہر سوال کا جواب کم از کم تین جملوں پر مشتمل ہونا چاہیے۔ $2 \times 2 = 4$

سوال(۱) ''اس حافظہ معلومات تاریخی کے ذخیرے سے اس قدر معمور تھا کہ وہ معمولی بات چیت میں واقعات زمانہ گذشتہ سے اکثر استشہاد کیا کرتا''

(الف) یہ جملہ سے کس مضمون سے ماخوذ ہے؟ کس کا حافظہ معلومات تاریخی کے ذخیرے سے معمور تھا؟

(ب) ''دنیا کی بہبودی یا دین کی کامیابی مقتضائے وقت کی موافقت کے بغیر حاصل نہیں ہو سکتی''

مذکورہ جملہ کے خالق کا نام بتایئے؟ اور یہ بھی بتایئے کہ یہ جملہ کس مضمون سے لیا گیا ہے۔

(ج) ''اردو کو بھی اس قید سے آزادی مل گئی؟

مضمون نگار اور مضمون کا نام لکھئے؟ اردو کو کیسے قید سے آزادی مل گئی اور کیسے؟

(د) ''یہ تھانہ ہے نہیں ہے ذرا زبان سنبھال کر بات کیجئے''۔

اس جملے کا متکلم کون ہے اور مخاطب کون؟ زبان سنبھال کر بات کرنے سے کیا مراد ہے؟

سوال(۲) کسی چار سوالوں کے جواب دیجئے؟ ہر سوال کا جواب کم از کم پانچ جملوں پر مشتمل ہو۔ $4 \times 4 = 16$

''مبارک ہیں وہ جنھوں نے اسکے تیور پہچاننے اور اسکی چال ڈھال کو نگاہ میں رکھا۔''

(الف) مذکورہ بالا جملہ کس مضمون سے لیا گیا ہے؟ مصنف کون ہیں؟

کس کے تیور پہچاننے کی بات کہی جارہی ہے؟ ایسے لوگ جو تیور شناس نہیں ہوتے ان کا انجام کیا ہوتا ہے؟

(ب) ''غرض ہندوستانیوں کے اس میل جول اور خلا ملا سے ایک نئی زبان نے جنم لیا''

کس نئی زبان کا جنم ہوا؟ جس زبان کا جنم ہوا اس کی نشو و نما اور ارتقا کا حال قلمبند کیجئے؟

(ج) ''سگ گزیدہ لوگوں کی اتنی بھیڑ تھی کہ میں نے سمجھا کہ میں بھول کر الیکشن کیمپ میں گھس آیا ہوں۔''

یہ جملہ کس مضمون سے لیا گیا ہے؟ مضمون نگار کون ہے؟

سگ گزیدہ لوگوں سے کیا مراد ہے؟ کس جگہ کی باتیں ہو رہی ہیں؟

(د) ''ایک دوست ہے بچپن کا ساتھی اسی کے پاس جارہا ہوں''

یہ جملہ کس مضمون سے اخذ کیا گیا ہے؟ اور مضمون نگار کون ہے؟ کون کس کے پاس اور کیوں جارہا ہے؟

(ہ) ''اناج کوترسنے والے لوگ اب ہزاروں من اناج کا ڈھیر لگا رہے ہیں؟''
اس جملے کا متکلم کون ہے؟اور مخاطب کون ہے؟ کون لوگ ہزاروں من اناج کا ڈھیر لگا رہے ہیں اور کیسے؟

(و) ''جو سب سے پہلا آدمی ہمارے گاؤں میں آتا ہے میں اسے اپنے گھر لے جاتی ہوں''
یہ جملہ کس مضمون سے ماخوذ ہے؟ اور مضمون نگار کون ہیں؟ متکلم اور مخاطب کا نام بتایئے؟
نیز یہ بھی بتایئے کہ متکلم مخاطب کو اپنے گھر کیوں لے جانا چاہتی ہے؟

(ز) ''اس مخلوط زبان میں بڑے بڑے شاعر ہوئے''
یہ جملہ کس مضمون سے لیا گیا ہے؟ مصنف کا نام بتایئے۔ یہاں مخلوط زبان سے کون سی زبان مراد ہے؟ اور اس مخلوط زبان کے چند مشہور شعراء کے نام بھی بتایئے؟

سوال (۳) کسی دو سوالوں کے جواب دیجئے؟ ہر سوال کا جواب کم از کم تین جملوں پر مشتمل ہو۔ **2 × 2 = 4**

(الف) ہم دیر کے جنگل میں بھولے پھرے ہیں کب تک
کعبے کا ہمیں رستہ خضر آ کے بتا جاوے

درج بالا شعر کا مرکزی خیال لکھیے؟

(ب) کی مرے قتل کے بعد اس نے جفا سے توبہ
ہائے اس زود پشیماں کا پشیماں ہونا

درج بالا شعر کی تشریح کیجئے؟

(ج) خیال تک نہ کیا اہلِ انجمن نے کبھی
تمام رات جلی شمع انجمن کے لئے

اس شعر میں شاعر کیا کہنا چاہتا ہے؟

(د) ''قید میں یعقوب نے لی، گو، نہ یوسف کی خبر
شعر مکمل کیجئے؟

۱۰(۴)　کسی چار سوالوں کے جواب دیجئے؟ ہر سوال کا جواب کم از کم پانچ جملوں پر مشتمل ہو۔　$4 \times 4 = 16$

(الف) نام ہیں خستہ و آوارہ و بدنام میرے
ایک عالم ہے غرض مجھ کو کہا کیا کیا کچھ

یہ شعر کس شاعر کا ہے۔ ''خستہ و آوارہ'' کے معنی بتایئے۔ اور شعر کا مرکزی خیال تحریر کیجئے۔

(ب) بساط کیا ہے بھلا صبح کے ستا رے کی
نفس حباب کا تابندگی شرارے کی

یہ شعر کس نظم سے ماخوذ ہے؟ نظم نگار کا نام بتایئے؟ ''نفس حباب'' کے معنی کیا ہے؟ شعر کی تشریح کیجئے؟

(ج) ایک ستارہ ٹوٹ کر جیسے رواں ہو عرش سے
رفعتِ کہسار سے میدان آتی ہوئی

درج بالا شعر کس نظم سے ماخوذ ہے؟ نظم نگار کا نام بتایئے؟ ''رفعتِ کہسار'' سے کیا مراد ہے؟

(د) روداد کتنی صدیوں کی دہرا رہی ہے یہ
خود اپنے پیچ و خم کی قسم کھا رہی ہے یہ

درج بالا شعر کس نظم سے لیا گیا ہے۔ نظم نگار کا نام کیا ہے؟ کون صدیوں کی روداد دہرا رہی ہے؟ شعر کی تشریح کیجئے؟

(ہ) آئے سجادۂ طاعت پہ امامِ دوجہاں
اس طرف طبل بجے یاں ہوئی لشکر میں اذاں
وہ مصلّی کہ زباں جن کی حدیث و قرآں
وہ نمازی کے جو ایماں کے تنِ پاک کی جاں

(و) نظم ''رات اور ریل میں'' شاعر نے ریل کی کن گزرگاہوں کا بیان کیا ہے؟............ ریل کو وہ کن کن چیزوں سے تشبیہ دیتا ہے۔ اپنے الفاظ میں بیان کیجئے؟

(۴) کسی چار سوالوں کے جواب دیجئے؟ ہر سوال کا جواب کم از کم پانچ جملوں پر مشتمل ہو۔ $4 \times 4 = 16$

(الف) نام ہیں خستہ و آوارہ و بدنام میرے
ایک عالم ہے غرض مجھ کو کہا کیا کیا کچھ

یہ شعر کس شاعر کا ہے۔"خستہ و آوارہ" کے معنی بتایئے۔اور شعر کا مرکزی خیال تحریر کیجئے۔

(ب) بساط کیا ہے بھلا صبح کے ستارے کی
نفس حباب کا تابندگی شرارے کی

یہ شعر کس نظم سے ماخوذ ہے؟ نظم نگار کا نام بتایئے؟ "نفس حباب" کے معنی کیا ہے؟ شعر کی تشریح کیجئے؟

(ج) ایک ستارہ ٹوٹ کر جیسے رواں ہو عرش سے
رفعتِ کہسار سے میدان آتی ہوئی

درج بالا شعر کس نظم سے ماخوذ ہے؟ نظم نگار کا نام بتایئے؟ "رفعتِ کہسار" سے کیا مراد ہے؟

(د) روداد کتنی صدیوں کی دہرا رہی ہے یہ
خود اپنے پیچ و خم کی قسم کھا رہی ہے یہ

درج بالا شعر کس نظم سے لیا گیا ہے۔نظم نگار کا نام کیا ہے؟ کون صدیوں کی روداد دہرا رہی ہے؟ شعر کی تشریح کیجئے؟

(ہ) آئے سجادۂ طاعت پہ امامِ دوجہاں
اس طرف طبل بجے یاں ہوئی لشکر میں اذاں
وہ مصلی کہ زباں جن کی حدیث و قرآں
وہ نمازی کے جو ایماں کے تن پاک کی جاں

(و) نظم "رات اور ریل میں" شاعر نے ریل کی کن گزرگاہوں کا بیان کیا ہے؟.........ریل کو وہ کن کن چیزوں سے تشبیہ دیتا ہے۔اپنے الفاظ میں بیان کیجئے؟

# معاون اردو

سوال(۵) کسی ایک سوال کا جواب دیجئے۔؟ جواب کم از کم پانچ جملوں پر مشتمل ہو؟ 5x1=5

(الف) ''بابا ہم نے سنا تھا تمہیں ایک لڑکا نوکر چاہیے''

یہ جملہ کہاں سے لیا گیا ہے؟ مصنف کون ہیں؟

متکلم اور مخاطب کون لوگ ہے؟ کس موقع پر باتیں ہو رہی ہیں؟

(ب) '' ان کی شاعری کا امتیازی پہلو بھی یہی تھا''

یہ جملہ کہاں سے لیا گیا ہے؟ مصنف کا نام بتایئے؟ کن کی شاعری کے امتیازی پہلو کا ذکر ہو رہا ہے؟

اس مضمون کا تعلق کا کس صنف ادب سے ہے۔

سوال(٦) درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک سوال کا جواب تحریر کیجئے؟ جواب کم از کم پانچ جملوں پر مشتمل ہو۔ 5x1=5

(الف) نہ یاروں میں رہی یاری، نہ بھائیوں میں رہی وفاداری
محبت اُٹھ گئی ساری ، عجب یہ دور آیا ہے

درج بالا شعر کہاں سے لیا گیا ہے۔ شاعر کا نام بتایئے؟ شعر کا مرکزی خیال تحریر کیجئے؟

(ب) یہ پہلا سبق تھا کتاب ہدیٰ کا
کہ ہے ساری مخلوق کنبہ خدا کا

یہ شعر کہاں سے لیا گیا ہے؟ شاعر کا نام بتایئے؟ ''کتاب ہدیٰ'' کے لفظی معنی کیا ہے۔ شعر کا مرکزی خیال بیان کیجئے۔

سوال(۷) درج ذیل موضوعات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے مضمون کم از کم چار سو الفاظ پر مشتمل ہو؟ 10

(الف) آپ کا محبوب شاعر

(ب) مذہب اور سیاست

(ج) لائبریری کی افادیت

(و) کسی اخبار کے منیجر کو خط لکھیے کہ آپ کا بھائی گم ہو گیا ہے؟ آپ اس کے حلیے کا اشتہار دینا چاہتے ہیں۔ اشتہار کی قیمت ادا کرنے کا طریق علاج بھی تحریر کریں۔ 10

یا

اپنے اسکول کے سالانہ اسپورٹ کی رپورٹ لکھیے۔

سوال (۹) درج ذیل سوالوں کے جواب ہدایت کے مطابق دیجئے؟

**(الف) درج ذیل الفاظ کی عربی جمع بتایئے؟** $1 \times 5 = 5$

تصویر۔ رسول۔ خواہش۔ ندی۔ کتاب

(ب) درج ذیل الفاظ کو جملوں میں اس طرح استعمال کیجئے۔ کہ ان کی جنس واضح ہو جائے۔ $1 \times 5 = 5$

تقریر۔ تحریر۔ چراغ۔ موتی۔ نصیحت۔

(ج) درج ذیل محاورں کو جملے میں استعمال کیجئے۔ $1 \times 5 = 5$

دل بھر آنا۔ خون سفید ہونا۔ ڈیڑھ اینٹ کی مسجد بنانا۔ ہاتھ صاف کرنا۔ قصہ تمام ہونا۔

(د) درج ذیل خیال کی توسیع کیجئے۔ $1 \times 5 = 5$

گھر کا بھیدی لنکا ڈھائے

---

For External Candidates Only

۱۔ درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک کا جواب لکھئے۔ $5 \times 1 = 5$

(الف) ہر گروہ کے شہوار جوق در جوق اس میں اتے ہیں اور اپنے اپنے ہنر دکھاتے ہیں۔
یہ جملہ کس مضمون سے ماخوذ ہے؟ مضمون نگار کون ہیں؟ کس گروہ کی باتیں ہو رہی ہیں جو اپنے اپنے ہنر دکھاتے تھے۔

(ب) مغلیہ سلطنت کے زوال پر سمندر کے راستے ایک نئی قوم ہندوستان پہ مسلط ہوئی جو ہندو مسلمان سے بالکل غیر تھی۔
مذکورہ جملے کس مضمون سے ماخوذ ہیں؟ مضمون نگار کا نام بتایئے سمندر کے راستے سے کون سی نئی قوم ہندوستان پر مسلط ہوئی۔

(ج) سات سال پہلے الہٰ آباد یونیورسٹی سے ہم دونوں نے ایک ساتھ بی۔اے کیا پھر وہ بنگلور چلا گیا اور میں پونا
یہ جملہ کس مضمون سے لیا گیا ہے؟ مضمون نگار کون ہیں؟ کس نے الہٰ آباد یونیورسٹی سے بی۔اے کیا۔

۲۔ درج ذیل سوالوں میں کسی ایک کا جواب لکھئے۔ $5 \times 1 = 5$

(الف) جفا اس پہ کرتا ہے حد سے زیادہ
جنہیں یار اہل وفا جانتا ہے

یہ شعر کہاں سے لیا گیا ہے؟ شعر کے خالق کون ہیں! شعر کا مرکزی خیال لکھئے

(ب) وہ جنگ ہی کیا وہ امن ہی کیا؟ دشمن جس میں تاراج نہ ہو
وہ دنیا دنیا کیا ہو گی؟ جس دنیا میں سوراج نہ ہو
وہ آزادی ، آزدی کیا؟ مزدور کا جس میں راج نہ ہو

مذکورہ بند کس نظم سے لیا گیا ہے؟ شاعر کا نام بتایئے۔ بند میں شاعر کیا کہنا چاہتا ہے؟

(ج) سب کہاں ، کچھ لالہ و گل میں نمایاں ہو گئیں
خاک میں کیا کیا صورتیں ہوں گی کہ پنہاں ہو گئیں

مذکورہ شعر کی تشریح کیجئے۔